فتوی نمبر:10

اللہ تعالیٰ کے نام اور ذات (اسم اور مسمیٰ) میں کوئی فرق نہیں

سوال:10 اللہ تعالیٰ کا نام اور ذات ایک ہی بات ہے یا یہ دونوں الگ الگ ہیں؟

جواب: اللہ تعالیٰ کی ذات (مسمیٰ) اور نام (اسم) ایک ہی ہیں۔ اس کا نام اس کی ذات سے علیحدہ کوئی چیز نہیں ہے۔ وگرنہ تو اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ماننے کا یہ مطلب ہو جائے گا کہ ۹۹ خدا تعالیٰ ہیں اور ظاہر ہے کہ یہ کھلا ہوا شرک ہے۔ اس لیے اہل السنۃ والجماعۃ کا عقیدہ یہ ہے کہ اسم (نام) اور مسمیٰ (ذات) میں کوئی فرق نہیں۔

اعلم أن الاسم والمسمى واحد عند أهل السنة والجماعة، والله تعالى بجميع أسمائه واحد. وقالت المعتزلة والمتقشفة: إن اسم الله تعالى غير الله تعالى، وهو مخلوق.[1]

---

(1) بحر الكلام للنسفي رحمه الله، المبحث الثالث: الاسم والمسمى، ص: 138

دار العلوم ندوۃ العلماء
اسلام آباد مری ہائی وے چھتر اسلام آباد